## سوال

نمازِ جمعہ کی ادائیگی اپنے گھر میں بیماری کی وجہ

## جواب

بیماری کے سبب گھر میں نماز السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ! کیا ایسا مریض جس سے چلا نہ جاتا ہو وہ نمازِ جمعہ اپنے گھر ادا کرسکتا ہے اور وہ باقی تمام نمازیں بھی اپنے گھر میں ہی پڑھتا ہے؟
الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! بیماری ایک عذر ہے، اگر وہ واقعی اتنا شدید بیمار ہے کہ مسجد نہیں جا سکتا یا اسے لے جانے والا کوئی نہیں ہے تو مجبوری کی حالت میں وہ گھر میں بھی نماز پڑھ سکتا ہے۔ کیونکہ ارشاد باری تعالی ہے۔ لا یکلف اللہ نفسا الا وسعھا (البقرہ: 286) اللہ تعالی کسی جان کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتے۔ لیکن جوں ہی اس کی طبیعت بحال ہو جائے یا اسے مسجد میں لے جانے والا کوئی مل جائے تو اسے مسجد میں ہی جانا چاہیئے۔ کیونکہ نبی کریم ﷺ نے سیدنا عبد اللہ بن ام مکتوم نابینا صحابی کو گھر میں نماز کی اجازت نہیں دی تھی۔ ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

**محدث فتویٰ کمیٹی**

دارالافتاء محدث